تیسرا پارلیمانی سال | آڑتیسواں اجلاس | گیارہویں اسمبلی

# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز جمعہ مورخہ 28 مئی 2021ء بوقت سہ پہر 4:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی۔

## ترتیب کارروائی

1) تلاوت قران پاک وترجمہ

2) وقفہ سوالات

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ صحت سے متعلق سوالات دریافت اوران کے جوابات دیئے جائینگے۔

3) توجہ دلاؤ نوٹسز

i) جناب ثناء اللہ بلوچ رکن صوبائی اسمبلی

وزیر برائے معدنیات کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے۔ کہ گذشتہ دنوں اخبارات میں شائع ہونے والی اس خبر جس میں ایک پرائیویت کمپنی نیشنل ریسورس پرائیویٹ لمیٹیڈ (NRL) نے حکومت بلوچستان کو ریکوڈک کے تانبے اور سونے کے زخائر کو دریافت و نکالنے کی پیشکش بلوچستان جنرل ایکسپولریشن کمپنی (BMEC) کو دی ہے لہذا اس بابت مکمل تفصیل فراہم کی جائے تاکہ عوام کو اپنے وسائل سے متعلق مکمل آگاہی حاصل ہو۔

ii) محترمہ شکیلہ نوید قاضی، رکن صوبائی اسمبلی

وزیر داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگی کہ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے صحافی عبدالواحد رئیسانی جنہیں ماہ رمضان کے پہلے عشرے کے دوران قمبرانی روڈ کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کرکے قتل کیا گیا تھا کے قاتلوں کی گرفتاری کی بابت حکومت کی جانب سے اب تک اٹھائے جانے والے اقدامات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

iii) جناب نصر اللہ خان زیرے، رکن صوبائی اسمبلی

وزیر برائے محکمہ داخلہ / پی ڈی ایم اے کی توجہ ایک مسئلہ کی جانب مبذول کراوینگے کہ مورخہ 15 مئی 2021ء کو ضلع موسی خیل کے مختلف علاقوں جن میں توئی سر، یونین یونین کونسل غڑیاسہ، ژوراسوٹ، ڈاکیاں، اور نسشیبی میں شدید ژالہ باری ہونے کی بناء وہاں کھڑی فصلوں بالخصوص گندم کی تیار فصل مکمل طور پر تباہ ہوگئی جس سے وہاں کے زمینداروں کو لاکھوں / کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ حکومت نے مذکورہ علاقے کے زمینداروں کی مالی مدد کے بارے میں اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(جاری صفحہ--2)

4) ﴿غیر سرکاری قراردادیں﴾

**قرارداد نمبر 110 منجانب:۔ ملک سکندر خان ایڈووکیٹ قائد حزب اختلاف**

ہر گاہ کہ ہمارے معاشرے میں برداشت تحمل، درگزر اخلاقی ضابطوں کے فلاحی اور اصلاحی اقدامات کی پامالی اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے جسکی وجہ سے معاشرہ میں شدید بے چینی پھیلی ہوئی ہے جبکہ پیغمبر خدا ﷺ کے اعلیٰ اخلاقی معیار جو مسلم معاشرہ کا طرہ امتیاز ہے سے مسلسل روگردانی کی جارہی ہے جس کے سبب نہ صرف عام بلکہ اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ بھی اس عذاب کا شکار ہیں اور معاشرے میں ہونیوالی قبائلی دشمنیاں، روزمرہ کے جھگڑے، دھونس، زبردستی، بے جا مرغوبیت اور خوف وہراس کے عوامل کی وجہ بھی یہی ہے۔ معاشرے میں لاقانونیت اور انتظامیہ کا استحصالی قوتوں کی سرکوبی نہ کرنے کے باعث ہر شخص اپنی مرضی کا عمل کرنے میں آزادی محسوس کرتا ہے ان حالات میں معاشرہ کا وہ طبقہ جو شرافت، عزت، وقار اور اپنی محنت وقابلیت کے بل بوتے پر زندگی گزانے کا خواہشمند ہو اپنی عزت اور جان و مال کی حفاظت کرنے میں انتہائی مشکلات سے دوچار ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ قانون کے بلاتفریق نفاذ اور استحصالی قوتوں کی سرکوبی کو یقینی بنانے نیز معاشرہ میں عدم برداشت کے خاتمے اور معاشرہ کیلئے اعلیٰ اخلاقی معیار پر مبنی ہدایات کو باعمل بنانے کے سلسلے میں حکومتی سطح پر سیمینار اور اجتماعات کے انعقاد کو بھی یقینی بنائے تاکہ معاشرہ میں سدھار لانا ممکن ہو سکے۔

**قرارداد نمبر 111 منجانب:۔ جناب نصر اللہ خان زیرے رکن صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ فیڈرل لیویز جو ایک اہم وفاقی فورس ہے جو برٹش دور سے قائم ہے اور صوبہ کے مختلف اضلاع میں امن وامان کے حوالے سے اہم کردار ادا کررہا ہے۔ لیکن افسوس کہ تاحال فیڈرل لیویز کا نہ تو سروس سٹرکچر بن سکا ہے اور نہ ہی ان کی تربیت کے لئے کوئی خاطر خواہ اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ اور ستم ظریفی یہ ہے کہ فیڈرل لیویز کی تنخواہیں بھی بہت ہی کم ہے

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ فیڈرل لیویز کی تربیت، سروس سٹرکچر بنانے اور فیڈرل لیویز کی تنخواہوں کو بڑھانے کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔ نیز اگر فیڈرل لیویز کو صوبائی لیویز میں ضم کیا جارہا ہے تو پھر ان کی تنخواہیں بھی وفاقی حکومت ادا کرنے کو یقینی بنائے۔

5) **مورخہ 25 مئی 2021 کی اسمبلی نشست میں باضابطہ شدہ تحریک التواء نمبر 1 پر بحیثیت مجموعی عام بحث۔**

**سیکرٹری**
**بلوچستان صوبائی اسمبلی**

کوئٹہ
**مورخہ 26 مئی 2021ء**

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

## بروز جمعہ مورخہ 28/ مئی 2021ء

## نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

## محکمہ صحت

☆243 **جناب احمد نواز بلوچ رکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11 نومبر 2019**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **14 ستمبر 2020، 21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

بینظیر شہید ہسپتال لوڑ کاریز سریاب روڈ کی تعمیر پر آمدہ لاگت کی تفصیل دی جائے اور کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال محکمہ صحت کے زیر انتظام نہیں اور تا حال غیر فعال ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ ہسپتال کو محکمہ صحت کے زیر انتظام لانے اور اسے فعال بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل دی جائے نیز اگر جواب نفی میں ہے تو وجہ بتلائی جائے۔

**وزیر صحت**

اس ضمن میں تحریر ہے کہ بینظیر شہید ہسپتال لوڑ کاریز سریاب روڈ کوئٹہ تا حال زیر دستخطی کے سپرد نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی دفتر ہذا اس کے بارے میں کوئی معلومات رکھتا ہے اور نہ ہی ہمارے پاس کوئی ریکارڈ موجود ہے۔

☆268 **میر زابد علی ریکی رکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 16 جنوری 2020**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

مالی سال 2019.20 کے بجٹ میں ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال واشک کیلئے کل کسقدر رقم مختص کی گئی اور مختص کردہ رقم میں سے تا حال جاری کردہ رقم کی تاریخ وار تفصیل دی جائے نیز مذکورہ ہسپتال کب تک پایہ تکمیل کو پہنچایا جائے گا تفصیل بمعہ جولائی 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران ٹھیکیدار کے حق میں جاری کردہ رقم کے دی جائے۔

**وزیر صحت**

اس ضمن میں عرض ہے کہ محکمہ صحت نے ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال واشک کے ترقیاتی فنڈز سے تقریباً ایک کروڑ روپے 16 اکتوبر

2019 کو محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جاری کیے ہیں جو کہ مزید ترقیاتی کام ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال واشک کے تعمیراتی کام کو جاری رکھ سکیں۔

☆269 میر زابد علی ریکی رکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 16 جنوری 2020

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ایم ایس ڈی کوئٹہ ماہوار کے حساب سے ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال واشک کو ادویات اور جراحی آلات فراہم کرتا ہے۔

(ب) اگر جز والف کا جواب اثبات میں ہے تو جولائی تا دسمبر 2019 کے دوران مذکورہ ہسپتال کیلئے جاری کردہ ادویات اور جراحی آلات کی تفصیل دی جائے۔

وزیر صحت

ایم ایس ڈی کوئٹہ کو ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال واشک کے مد میں نہ تو بجٹ ریلز ہوا ہے اور نہ ہی ادویات اور جراحی آلات فراہم کرتا ہے۔

☆307 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 13 اگست 2020

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرماہیں گے کہ۔

21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ

ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال واشک کیلئے سال 2018 تا جولائی 2020 کے دوران کل کتنے ایمبولینسز فراہم کیے گئے ہیں اور کیا مالی سال 2021-2020 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے ایمبولینس کی خریداری کیلئے رقم مختص کی گی ہے نیز مذکورہ ہسپتال میں پہلے سے موجود ایمبولینسز کے تعداد کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت

اس ضمن میں بذریعہ فون معلومات حاصل کی گئی کہ DHQ ہسپتال واشک زیر تعمیر ہے اور فی الحال کوئی ایمبولینس فراہم نہیں کیا گیا ہے لہذا جب ہسپتال پایہ تکمیل کو پہنچایا جائے گا تو ایمبولینس فراہم کردیا جائیگا۔

☆289 جناب اختر حُسین لانگو رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 17 جولائی 2020

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

21 فروری اور 26 رمارچ 2021 کو موخر شدہ

مالی سال 2019.2020 کے دوران محکمہ صحت کے حق میں کسقدر فنڈز جاری کیے گئے نیز جاری کردہ فنڈز جن جن مدات میں خرچ کیے گئے کی مدوار تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر صحت**

مالی سال 2019.2020 کے بجٹ میں لورالائی میڈیکل کالج لورالائی اور مکران میڈیکل کالج تربت کے حق میں جاری کردہ فنڈز اور مذکورہ فنڈز جن جن مدات میں خرچ کیے گئے کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆334 **جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** — **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ — **21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں صوبائی سنڈیمن ہسپتال کیلئے کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے اور مختص کردہ رقم میں سے جون 2020 تا 31/ اگست 2020 کے دوران کسقدر رقم جاری کی جا چکی ہے نیز جاری کردہ رقم جن جن مدات میں خرچ کی جارہی ہے کی تفصیل بھی دی جائے

**وزیر صحت۔**

اس ضمن میں تحریر ہے کہ حکومت بلوچستان محکمہ صحت نے صوبائی سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ کیلئے مالی سال 21-2020 میں صوبہ کے عوام کے بہترین علاج و معالجہ کیلئے مختلف مدات میں رقم مختص کی گئی ہے تفصیل ذیل ہے۔

| مدات | مختص کردہ رقم | جاری کردہ رقم | اب تک اخراجات |
|---|---|---|---|
| A03201 خط و کتابت | 17,000 | 8,500 | 00 |
| A03202 ٹیلی فون ٹرنکس کال | 136,3000 | 1,363,000 | 33,130 |
| A03301 سوئی گیس | 41,162,000 | 41,162,000 | 14,177,490 |
| A03303 بجلی | 59,172,000 | 59,172,000 | 25,000,000 |
| A03304 چارکول | 463,000 | 231,500 | 00 |
| A03305 تیل برائے جنریٹرز | 2,747,000 | 1,373,500 | 00 |
| A03805 سفری اخراجات برائے ملازمین | 1,223,080 | 1,032,080 | 1,032,080 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| A03806 ترسیل ادویات | 90,000 | 45,000 | 45,000 |
| A03807 تیل برائے گاڑیاں | 4,120,000 | 2,060,000 | 00 |
| A03808 سفری اخراجات | 11,000 | 5,500 | 00 |
| A03901 اسٹیشنری | 682,000 | 341,000 | 195,700 |
| A03902 پرنٹنگ پبلی کیشن | 1,486,000 | 743,000 | 271,290 |
| A03905 خرید اخبارات | 22,000 | 11,000 | 00 |
| A03906 یونیفارم | 114,000 | 57,000 | 00 |
| A039019 سیکوٹی سروسز/جینی ٹوریل سروسز | 19,988,000 | 9,994,000 | 4,422,250 |
| A03927 خرید برائے ادویات | 285,992,000 | 285,992,000 | 4,452,723 |
| A03955 دیگر اسٹور۔آنسو گیس | 32,155,000 | 16,077,500 | 1,110,305 |
| A03970 دیگر برائے خریداری، صفائی اشیاء | 2,688,00 | 1,344,000 | 980,675 |
| A04114 ایل۔پی کے سرجری انکشمنٹ | 00 | 00 | 1,144,200 |
| A13101 مشینری | 1,561,000 | 780,500 | 727,900 |
| A13201 فرنیچر اور حقیقت | 410,000 | 410,000 | 203,850 |
| A13301 آفس بلڈنگ | 5,675,000 | 1,000,000 | 00 |
| کل مختص, جاری رقم اور اخراجات کی تفصیل | 472,780,080 | 424,022,890 | 54,053,493 |

☆335 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020**

**کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔** **21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں صوبائی سنڈیمن ہسپتال اور بی ایم سی ہسپتال کوئٹہ کیلئے کل کتنے آسامیوں کی منظوری دی جا چکی ہے ان کے نام اور گریڈ کی تفصیل دی جائے۔

**وزیر صحت**

اس ضمن میں تحریر ہے کہ حکومت بلوچستان محکمہ صحت میں صوبائی سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ کیلئے مالی سال

2020-2021 میں صوبے کی عوام کے بہترین علاج ومعالجہ کیلئے مختلف کیڈر کی آسامیوں کی منظوری دی ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے

| نمبر شمار | نام | درجہ | تعداد |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈینٹل سرجن | بی-17 | 10 |
| 2 | لیڈی میڈیکل آفیسر | بی -17 | 50 |
| 3 | میڈیکل آفیسر | بی-17 | 50 |
| 4 | فارماسسٹ | بی - 17 | 52 |
| 5 | فزیوتھراپسٹ | بی-17 | 01 |
| 6 | سٹی سکین ٹیکنیشن | بی-14 | 01 |
| 7 | ڈیٹا انٹری آپریٹر | بی-12 | 01 |
| 8 | کیتھ لیب ٹیکنیشن | بی-9 | 01 |
| 9 | کیتھ لیب ریڈیولوجی ٹیکنیشن | بی-9 | 01 |
| 10 | کیتھ لیپ کارڈینشل ٹیکنیشن | بی-9 | 01 |
| 11 | ڈینٹل ٹیکنیشن | بی-09 | 01 |
| 12 | فی میل ڈینٹل ٹیکنیشن | بی-09 | 01 |
| 13 | آئی سی یو ٹیکنیشن | بی-09 | 01 |
| 14 | لیبارٹری ٹیکنیشن | بی09 | 01 |
| 15 | ایم آر آئی ٹیکنیشن | بی09 | 01 |
| 16 | اوٹی ٹیکنیشن | بی-09 | 01 |
| 17 | اوٹی اسسٹنٹ | بی-06 | 01 |
| 18 | ڈرئیوار | بی-4 | 01 |
| | کل تعداد | | 176 |

## ☆336 جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی

**نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020**

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

صوبائی سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ میں کل کتنے منصوبوں پر کام جاری ہے اوران کیلئے مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے نیز زیر تعمیر منصوبوں کے نام مختص کردہ لاگت رقم اور مدت تکمیل کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیرصحت**

اس ضمن میں تحریر ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبائی سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ میں مالی سال 21-2020 میں صرف ایک منصوبہ زیر تعمیر ہے جو کہ بچوں کے علاج ومعالجہ کے لیے ایک مکمل کمپلیکس پر مشتمل ہے جسکی تفصیل درج ذیل ہے۔

| کام کی نوعیت | مکمل خرچ | اب تک اخرجات | منظور شدہ فنڈ برائے2020.21 | اب تک تعمیری کام مکمل | مکمل اخراجات |
|---|---|---|---|---|---|
| تعمیر برائے پیڈیاٹرک کمپلیکس سنڈیمن صوبائی اسپتال کوئٹہ پی ایس ڈی پی نمبر90(2020-21) | 268-00 ملین | 247-630 ملین | 0-100 ملین | 94% | 92% |

## ☆405 جناب اصغر علی ترین رُکن اسمبلی

**نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 2 دسمبر 2020**

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **21 فروری اور 26 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

مالی سال 2020.21 کے بجٹ میں ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال پشین اور بی ایچ یوز کیلئے کل کسقدر فنڈ/رقم مختص کی گی ہے تفصیل دی جائے نیز گزشتہ دوسالوں کے دوران مذکورہ ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال کیلئے فراہم کردہ ادویات ودیگر سامان کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیرصحت**

اس ضمن میں تحریر ہے کہ مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال پشین اور بی ایچ یوز کیلئے علیحدہ بجٹ جاری کیا گیا ہے تفصیل ذیل ہے

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال خانوزئی:.Rs.60,000,00/ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال برشور،33,00,000/ اس طرح

بیسک ہیلتھ یونٹ کو ضلعی سپورٹ منیجر PPHI پشین مہیا کرتا ہے۔

کیٹگری .BHU,A Rs.30,000/. ماہانہ

کیٹگری .BHU,B Rs.27,000/. ماہانہ

کیٹگری .BHU,C Rs.24800/. ماہانہ

مالی سال 2020.2021 میں میڈیسن کی مد میں 156,251,61/. روپے میڈیسن بجٹ دیا گیا ہے جس کی تفصیل ذیل ہے۔

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال Rs.230,000/.

دیہی مرکز صحت RHC Rs.153,000/.

سول ڈسپنسری Rs.70,000/.

ایم۔سی۔ایچ سینٹر Rs.45000/.

☆406 **جناب اصغر علی ترین رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 2 دسمبر 2020**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **26 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین میں تعینات ڈاکٹروں کی کل تعداد کسقدر ہے نیز مذکورہ ہسپتال میں خالی پڑی ہوئی آسامیوں کو پُر کرنے کے سلسلے میں اُٹھائے گئے اقدامات کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر صحت**

جواب آخر پر منسلک ہے۔

کوئٹہ

مورخہ 26 مئی 2021

سیکرٹری،

بلوچستان صوبائی اسمبلی

تفصیل سوال نمبر 289

(1)

# OFFICE OF THE PRINCIPAL

LORALAI MEDICAL COLLEGE, LORALAI

Off: #. 0824-400033
Fax: #. 0824-400141

SAY NO TO CORRUPTION

Ref No. LMCL/Principal/600

Date: 05/09/2020

**The Secretary**
Health Department
Government of Balochistan,
Quetta.

Subject: **ASSEMBLY QUESTION NO. 289**

This is with reference to the letter No. SO-(B-1)H/9-4/2020-21/691-720 dated 17th August, 2020 from Health department, Government of Balochistan, Quetta.

Kindly find enclosed herewith six copies of reply of Balochistan Provincial Assembly question no. 289 in detail for information and necessary action as desired please.

**Dr. Saeed Ahmed**
Principal Loralai Medical College
Loralai

Off: #. 0824-400033
Fax: #. 0824-400141

# OFFICE OF THE PRINCIPAL

## LORALAI MEDICAL COLLEGE, LORALAI

SAY NO TO CORRUPTION

(2)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے سوال نمبر 289 کے تحت مطلوبہ سوال کے جوابات پیش خدمت ہیں۔مالی سال 2020-2019 کے دوران لورالائی میڈیکل کالج، لورالائی کو جاری کردہ فنڈز اور مذکورہ فنڈز جن جن مدات میں خرچ کیے گئے کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| خرچ کردہ فنڈز | جاری کردہ فنڈز | تفصیل مد | سوال نمبر 289 کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ: مالی 2020-2019 کے دوران محکمہ صحت کے حق میں کس قدر فنڈز جاری کیے گئے نیز جاری کردہ فنڈز جن جن مدات میں خرچ کیے گئے کی تفصیل بھی دی جائے۔ |
|---|---|---|---|
| 282547095 | 4547227000 | کل جاری کردہ فنڈ 20-2019 | |
| 237950371 | 406393000 | تنخواکی مد میں جاری کردہ فنڈز | |
| 1998000 | 2000000 | فراہمی فرنیچر | |
| 26595895 | 30000000 | فراہمی لیبارٹری اور ہسپتال آلات | |
| 3240000 | 3600000 | وظیفہ برائے طلبا | |
| 560250 | 800000 | فراہمی کتابیں، اسٹیشنری، پرنٹنگ | |
| 1519140 | 2000000 | پٹرول: بسیں، گاڑی، جنریٹرز | |
| 0 | 214000 | ترسیل سامان | |
| 605732 | 1000000 | سفر خرچ برائے ملازمین | |
| 1150000 | 1420000 | رجسٹریشن فیس طلبا پی ایم ڈی سی | |
| 2468488 | 5699000 | یوٹیلٹی بلیز: پانی، بجلی، گیس، ٹیلی فون | |

نوٹ: لورالائی میڈیکل کالج، لورالائی میں پروفیسرز/ایسوسی ایٹ پروفیسرز/اسسٹنٹ پروفیسرز/سنئیر لیکچرر/منسٹریل سٹاف کی گریڈ 16 تا 17 آسامیاں اور گریڈ 1 تا 15 کی آسامیاں خالی ہونے کی وجہ سے جاری کردہ رقم میں سے مبلغ 172179905 روپے خرچ نہ سکے اور مذکورہ فنڈز سرنڈر کر دیئے گئے۔

پرنسپل

لورالائی میڈیکل کالج، لورالائی

(3)

NO. MMCT/2020-2021/ 811
OFFICE OF THE PRINCIPAL
MEKRAN MEDICAL COLLEGE TURBAT
Email: mmc.turbat@gmail.com Ph # 0852412633
Dated: 27th August, 2020

To,

The Secretary
Health Department
Government of Balochistan Quetta

SUBJECT: **ASSEMBLY QUESTION NO 289.**

Reference Government of Balochistan Health Department letter NO.SO-(B-I) H/9-4/2020-21/691-720 Dated 17th August 2020 on the subject cited above.

Kindly find enclosed herewith six copies of reply of Balochistan Provincial assembly Question NO.289 in detail for information and necessary action as desired please.

27/08/2020

Principal
Mekran Medical College Turbat

# دفتر پرنسپل مکران میڈیکل کالج تربت

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے سوال نمبر 289 کے تحت مطلوبہ سوال کے جوابات پیش خدمت ہیں۔ مالی سال 2020-2019 کے دوران مکران میڈیکل کالج تربت کو جاری کردہ فنڈز اور مزکورہ فنڈز جن جن مدات میں خرچ کئے گئے اُن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سوال ۲۸۹: کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال 2020-2019 کے دوران محکمہ صحت کے حق میں کسقدر فنڈز جاری کیے گئے نیز جاری کردہ فنڈز جن جن مدات میں خرچ کیے گئے کی تفصیل بھی دی جائے۔

| تفصیل مد | جاری کردہ فنڈز | خرچ کردہ فنڈز |
|---|---|---|
| **کُل جاری کردہ فنڈ 20-2019** | **568615000** | **254754102** |
| تنخواہ کی مد میں جاری کردہ فنڈز | 525628289 | 212520391 |
| فراہمی فرنیچر | 2000000 | 199500 |
| فراہمی ایک گاڑی ٹویوٹا وین | 7300000 | 7274500 |
| فراہمی لیبارٹری اور ہسپتال آلات | 24880000 | 22200345 |
| وظیفہ برائے طلبہ | 3600000 | 3456000 |
| فراہمی کتابین، اسٹیشنری، پرنٹنگ | 1421000 | 1417081 |
| پیٹرول بسیں، گاڑی، جنریٹرز | 2000000 | 1999585 |
| ترسیل سامان | 214000 | 213840 |
| سفر خرچ برائے ملازمین | 1000000 | 998960 |
| رجسٹریشن فیس طلبہ پی ایم ڈی سی | 1420000 | 1386000 |
| کرایہ برائے مکانات پروفیسرز | 1386000 | 1380000 |
| یوٹیلٹی بلز پانی، بجلی، گیس، ٹیلی فون | 2950770 | 2949900 |

نوٹ: مکران میڈیکل کالج تربت میں پروفیسرز/ایسوسی ایٹ پروفیسرز/اسسٹنٹ پروفیسرز/سنیئر لیکچرر/منسٹریل اسٹاف کی گریڈ 16 تا 20 کی 75 آسامیاں اور گریڈ 1 تا 15 کی 160 آسامیاں خالی ہونے کی وجہ سے جاری کردہ رقم میں سے مبلغ 313860898 روپے خرچ نہیں کئے جاسکے اور مذکورہ فنڈز سرنڈر کردیئے گئے۔

پرنسپل مکران میڈیکل کالج تربت

GOVERNMENT OF BALOCHISTAN
HEALTH DEPARTMENT

جواب سوال نمبر 406

(1)

Subject: - **ASSEMBLY QUESTION 406.**

Will the Section Officer General Health Department to refer to your letter No. SO-G(H)1-14/2021/1014-16 dated 18th January, 2021 on the subject cited above and to state that enclose the list of posts present in DHQ Hospital Pishin for information and further necessary action.

10/01/2021
**(ABDUL WARIS KHAN )**
Section Officer-IV (Health).
*Ph: 9204652*

**Section Officer-Gen Health Department**
U.O.NO. SO-IV(H)4-6/2011/ 130
Dated, Quetta the 18 January, 2020.

2

List of Vacant Posts Specialist Lady Medical Officer , Medical officer , Dental Surgeon, DHQ Hospital Pishin

| S# | Name of Posts | Sanction | Filed | Vacant | Health Units | BPS | Rmarks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Medical Superintendent | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 2 | Chief Medical officer | 2 | 4 | -2 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 19 | |
| 3 | Chief Lady Medical officer | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 19 | |
| 4 | Chief Dental Surgeon | 2 | 3 | -1 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 19 | |
| 5 | Eye Specialist | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | Optometrist Working aginstthe Post of Eye Specialist |
| 6 | Physicin | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 7 | Paediatricin | 1 | 0 | 1 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 8 | Resident Medical officer | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 9 | Surgeon | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 10 | Anessthetist | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 11 | ENT Specialist | 1 | 0 | 1 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 12 | Gynecologist | 2 | 1 | 1 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 13 | Pathologist | 1 | 0 | 1 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 18 | |
| 14 | Medical Officer | 13 | 9 | 4 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 17 | two Medical Officer working Acting Paediatricin<br>1. Dr Shabir AhmedActing Paediatricin<br>2. Dr Baseer Ahmed Acting Paediatricin<br>3.Dr Salam Shah Acting Chest Speclilist |
| 15 | Dental surgeon | 5 | 4 | 1 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 17 | |
| 16 | Lady Medical Officer | 14 | 5 | 9 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 17 | |
| 17 | Assistant Optometrist | 1 | 1 | 0 | DHQ HOSPITAL PISHIN | 17 | |

Thefollowing Post Sanction but not enter Budget book for the year 2014

| S# | Name of Posts | Sanction | Filed | Vacant | Health Units | BPS | Rmarks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Senir Surgeon | 1 | 0 | 1 | | 19 | |
| 2 | Senior ENT Specialist | 1 | 0 | 1 | | 19 | |
| 3 | SenirPaediatricin | 1 | 0 | 1 | | 19 | |
| 4 | Senior Chest Specialist | 1 | 1 | 0 | | 19 | Senior Cordilogist<br>Dr Syed Zaman Agha<br>Working Aganst the Post of Senior Chest Speclist |